42106 - ایام تشریق کےروزوں کاحکم

سوال

ہر جمعرات کےدن روزہ رکھنا میري عادت ہے ہوا یہ کہ میں نے بارہ ذوالحجہ جمعرات کےدن روزہ رکھا، میں نےجمعہ کےدن سنا کہ ایام تشریق میں روزہ رکھنا جائز نہیں، اورجمعرات کا دن ایام تشریق میں تیسرا دن تھا، کیا مجھ پر کچھ لازم آتا ہے کیونکہ میں نےاس دن روزہ رکھا تھا ؟؟
اور کیا واقعي ایام تشریق کا روزہ رکھنا صحیح نہیں یا کہ ہم صرف عید کے پہلے دن روزہ نہ رکھیں ؟؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

عید الفطر اور عیدالاضحي کا روزہ رکھنا حرام ہے اس کي دلیل مندرجہ ذیل حدیث میں ہے:

ابوسعید خدري رضي اللہ تعالي عنہ بیان کرتے ہیں کہ: (رسول کریم صلي اللہ علیہ وسلم نے عید الفطر اور یوم النحر کا روزہ رکھنے سے منع فرمایا) یوم النحر عید الاضحي کا دن ہے . صحیح بخاري (1992) صحیح مسلم (827)

علماء کرام کا اجماع ہے کہ ان دونوں دنوں کا روزہ رکھنا حرام ہے.

ایسے ہي عید الاضحي کےبعد ایام تشریق کےتینوں ایام میں بھي روزہ رکھنا حرام ہے (وہ ایام گیارہ، بارہ اور تیرہ ذوالحجہ ہیں) کیونکہ رسول کریم صلي اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

(ایام تشریق کھانےپینے اور اللہ تعالي کا ذکر کرنے کےدن ہیں) صحیح مسلم حدیث نمبر (1141) .

اور ابوداود میں ابو مرۃ مولي ام ھاني سے روایت ہے کہ وہ عبداللہ بن عمرو کےساتھ اپنےوالد عمرو بن عاص رضي اللہ تعالي کےپاس گئے توانہوں نے ان دونوں کےسامنےکھانا پیش کیا اور کہنےلگے: کھاؤ، تووہ کہنےلگے میرا تو روزہ ہے، توعمرو رضي اللہ تعالي کہنےلگے: کھاؤ ان ایام میں نبي صلي اللہ علیہ وسلم ہمیں روزہ نہ رکھنا کا حکم دیا کرتےتھے. سنن ابوداود (2418)

امام مالك رحمہ اللہ کہتےہیں: یہ ایام تشریق کےدن تھے. علامہ الباني رحمہ اللہ تعالي نے صحیح ابو داود میں اسے صحیح قرار دیا ہے .

ليكن اس حاجي كےليے ايام تشريق كےروزے ركهنا جائز ہيں جس كےپاس قرباني نہ ہو، عائشہ اور ابن عمر رضي اللہ تعالي عنهم بيان كرتےہيں كہ : (ہميں ايام تشريق كےروزہ ركهنے كي اجازت نہيں دي گئي ليكن جو قرباني نہ پائے اسے اجازت ہے) صحيح بخاري حديث نمبر (1998) .

شيخ ابن عثيمين رحمہ اللہ تعالي كہتےہيں:

حج قران اور حج تمتع كرنا والا اگر قرباني نہ پائے تواس كےليے ان تين ايام كےروزے ركهنےجائزہيں تا كہ روزے ركهنےسےقبل حج كا موسم ختم نہ ہو جائے، ليكن ان كےعلاوہ كسي دوسرے شخص كےليے ان ايام كےروزے ركهنا جائز نہيں، حتي كہ اگر كسي انسان كےذمہ مسلسل دو ماہ كےروزے بهي ہوں تو وہ عيد اور اس كےبعد تين دن تك روزہ نہ ركهے اور پهر بعد ميں اپنےروزے تسلسل كےساتھ مكمل كرے . ديكهيں فتاوي رمضان (727) .

اس كي مزيد تفصيل ديكهنےكےليے سوال نمبر (21049) اور (36950) كےجوابات ضرور ديكهيں .

واللہ اعلم .